سرکلر نمبر/2025/ 08

از دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 637-10594 مورخہ 03/2/25

عنوان:- **ہدایات بابت کیے جانے آپریشنل آٹا چکیاں اور پسائی گندم**

بحوالہ بعنوان بالا

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ حکومت پنجاب نے محکمہ جیل خانہ جات کے لئے گندم کا کوٹہ مختص کر دیا ہے اور آئندہ چند روز میں محکمہ خوراک کی طرف سے گندم کی سپلائی شروع ہو جائے گی تاکہ اسیران کو خالص گندم آٹا کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ مزید یہ کہ پنجاب کی تقریباً تمام جیلوں پر گندم پسائی کے لیے آٹا چکیاں کی تنصیب کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔

اس ضمن میں آپ کو درج ذیل ہدایات جاری کی جارہی ہیں جن پر من وعن عمل یقینی بنائیں تاکہ اسیران کو معیاری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق روٹی فراہم کی جائے:-

| نمبر شمار | سرگرمی | ذمہ داری |
|---|---|---|
| .1 | محکمہ خوراک کے گودام سے صاف ستھری FAQ گندم کی وصولی | محکمہ خوراک کے ساتھ MOU کے ذریعے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر یا اس کا نمائندہ اور متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل محکمہ خوراک کی طرف سے متعین کردہ PR سنٹر سے صاف ستھری FAQ گندم بمطابق ضرورت اور سٹور کیپسٹی ماہانہ بنیادوں وصول کی جائے گی تاہم سٹور کیپر بھی اس کمیٹی کا اختیاری ممبر (Co-opted Member) ہوگا |
| .2 | جیل ہذا میں ضرورت کے مطابق آٹا بنانے کے لیے گندم کی صفائی کے اہتمام کے لیے ہر جیل پر 20x20 فٹ کا ترپال ہونا چاہیے | سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور |
| .3 | گریڈر کے ذریعے گندم کی صفائی | سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور |
| .4 | جیل پر ہمہ وقت 10 روز کی ضروریات کے مطابق آٹا گندم کی دستیابی اور ی 50 کلوگرام کے تھیلوں میں صافی بھرائی | سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ، سٹور کیپر اور انچارج سنٹرل ٹاور |
| .5 | آٹا چکی کی دیکھ بھال اور مرمت | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹ جیل (ایگزیکٹیو) اور سٹور کیپر۔ تاہم جن سٹاف نے آٹا چکی کو آپریٹ (Operate) اور Maintain کرنے کی ٹریننگ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا سے حاصل کی ہے ان پر بھی ذمہ داری عائد ہوگی کہ وہ چکی کی حفاظت و مرمت کا خصوصی خیال رکھیں۔ |
| .6 | آٹا چکی کی لاگ بک | سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل (ایگزیکٹیو)، سٹور کیپر اور آٹا چکی آپریٹر |

| نمبر شمار | سرگرمی | ذمہ داری |
| --- | --- | --- |
| .7 | فوکل پرسن برائے آٹا چکیاں | ڈائریکٹر پنجاب پریزن فاونڈیشن، لاہور کو تمام جیلوں پر نصب شدہ آٹا چکیوں کا فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے تاکہ وہ آٹا چکیوں کے آپریشن کو مونیٹر کرے گا اور کسی بھی جیل پر آٹا چکی یا گریڈر میں خرابی آنے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ ٹھیکیدار سے رابطہ کر کے چوبیس گھنٹے کے اندر مشین کو آپریشن حالت میں لائے گا تاکہ جیلوں پر آٹا پسائی کے عمل میں خلل نہ ہو۔ |

تمام سپرنٹنڈنٹس صاحبان مذکورہ بالا ہدایات پر عملدرآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات مکمل کر لیں تاکہ گندم کی پسائی کا عمل شروع ہوتے وقت کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔

سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تطہیری نمبری 0638-47 / مورخہ 03/02/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے۔

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی ڈائریکٹر پنجاب پریزن فاونڈیشن، لاہور اس ہدایت کے ساتھ کہ وہ آٹا چکیوں کا ایک وٹس گروپ تشکیل دیں گے اور روزانہ کی بنیاد پر آٹا چکیوں کی آپریشن کے حوالے سے مجاز اتھارٹی کو رپورٹ پیش کریں گے۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

09 /2025/سرکلر نمبر



ازدفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب جملہ سپرنٹنڈنٹس جیل صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 91-0648/مورخہ 03/02/25

عنوان: - **ممانعت برائے لوکل خریداری سرخ مرچ منجانب میسرز نوید آفاق، ملتان**

بحوالہ بعنوان بالا

پنجاب کی تمام جیلوں پر سرخ مرچ کی سپلائی کا ٹھیکہ میسرز نوید آفاق، ملتان کا تھا مذکورہ ٹھیکیدار نے دو مرتبہ سرخ مرچ کنڈری کی انسپکشن کروائی ہے جو کہ لیب رپورٹ درست نہ آنے پر غیر معیاری پائی گئی ہے جس کی وجہ سے مال جیلوں پر نہ بھجوایا گیا اور مسترد کر دیا گیا۔ لیکن سننے میں آیا ہے کہ کچھ جیلیں یہی مسترد شدہ سرخ مرچ اسی ٹھیکیدار کے ذریعے لوکل پرچیز کر رہی ہیں۔

اس سلسلہ میں مجاز اتھارٹی نے سختی سے ہدایت کی ہے کہ مسترد شدہ سرخ مرچ ٹھیکیدار میسرز نوید آفاق، ملتان یا اسکے کسی نمائندے سے ہرگز نہ خریدیں اگر سرخ مرچ کی لوکل پرچیز درکار ہو تو مارکیٹ سے بہترین کوالٹی اور پوری مقدار میں قانون کے مطابق خریداری کی جائے اور اس کی لیب رپورٹ کاروائی جائے۔

سرکلر ہذا کی وصولی کا سرٹیفیکیٹ دفتر ہذا کو فوری طور پر ارسال کریں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2025/ 700-0692/مورخہ 3/2/25

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی۔ صاحبان ہائے پنجاب مرسل ہوئے

ڈی۔ آئی۔ جی (ہیڈ کوارٹرز)
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/اسٹیبلشمنٹ/2025/------10------

ازدفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: 1. جملہ ڈی آئی جی جیلخانہ جات ریجنز ہائے پنجاب

2. جملہ سپرنٹنڈنٹ جیل ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/اسٹیبلشمنٹ/2025/ 13226-78 مورخہ: 11-02-2025

عنوان: **ACUTE SHORTAGE OF WATCH & WARD STAFF – SANCTION OF EARNED LEAVES ONLY IN EMERGENCY CASES**

بحوالہ بعنوان بالا۔

1. اس ضمن میں تحریر ہے کہ جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات (ہیڈکوارٹرز) اور انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب لاہور کی طرف سے کیے گئے مختلف جیلوں کے حالیہ دوروں میں مشاہدہ کیا گیا ہے کہ اکثر جیلوں پر کوٹ موقعہ، ٹاورز اور دیگر اہم سیکیورٹی پیٹس پر وارڈر گارد کو تعینات نہیں کیا گیا تھا جس پر سپرنٹنڈنٹ جیلز کی طرف سے یہ موقف پیش کیا گیا کہ وارڈرز کی بہت کمی ہے اور نئی بھرتی بھی نہ ہوئی ہے جس وجہ سے ان جگہوں پر وارڈرز کی ڈیوٹی نہیں لگائی گئی جو کہ قابل قبول نہ ہے۔

2. ایک طرف وارڈر گارد کی کمی کا عذر پیش کیا جاتا ہے جبکہ دوسری طرف ڈیوٹی بک چیک کرنے پر بڑی تعداد میں وارڈرز لمبی چھٹی پر بھیجے گئے پائے گئے، جو کہ نہ صرف جیل سیکیورٹی کے لیے سنگین خطرہ ہے بلکہ ناقص گورننس اور بدانتظامی کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ کیونکہ اگر جیلوں میں گارد کی کمی ہے تو اتنی بڑی تعداد میں وارڈرز کو حقی رخصت پر بھیجنے کے بجائے انہیں اہم سیکیورٹی پیٹس پر تعینات کیا جاسکتا ہے۔

3. اسی طرح تمام دن اور دیگر غیر ضروری پیٹس پر ملازمین کو تعینات کیا گیا پایا گیا جو کہ ہیومن ریسورس کو ضائع کرنے کے مترادف ہے۔

4. اس تناظر میں درج ذیل ہدایات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی:

i. جب تک نئی بھرتی عمل میں نہیں آتی تب تک ایک وقت میں ڈسٹرکٹ جیلوں پر چار اور سنٹرل جیلوں پر زیادہ سے زیادہ پانچ (5) وارڈرز، ہیڈ وارڈرز کو ہی حقی رخصت دی جائے گی۔

ii. حقی رخصت انتہائی ضرورت کے تحت یا وارڈر کی اپنی شادی وغیرہ کے موقع پر ہی دی جائے، جس کا دورانیہ 15 سے 20 دن سے زیادہ نہ ہو گا۔

iii. اگر مزید حقی رخصت دینا ناگزیر ہو تو پہلے سے دی گئی حقی رخصت سے واپس آنے والے ملازمین کی جگہ نئے ملازمین کو رخصت دی جائے گی۔

CamScanner

CamScanner

iv. تمام سیکیورٹی بیٹس بشمول کوٹ موقعہ، برج، گیٹ، داخلی راستے اور دیگر اہم مقامات پر ملازمین کی تعیناتی ہر وقت یقینی بنائی جائے گی، اور کوئی بھی بیٹ خالی نہیں چھوڑی جائے گی۔

v. تمام دن ملازمین اور دیگر اندرون جیل غیر ضروری بیٹس کو Rationalized کرنے کے بعد اضافی ملازمین کو اہم سیکیورٹی (Unattended) بیٹس پر تعینات کیا جائے۔

5. اس تمام صورت حال اور جیلوں کی سیکیورٹی کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام ڈی آئی جی صاحبان اور سپرنٹنڈنٹ صاحبان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جب تک نئی بھرتی نہیں ہو جاتی۔ رخصت حقی صرف ان ملازمین کو دی جائے گی جہاں غیر معمولی حالات اور ناگزیر وجوہات ہوں۔ باقی وارڈر گارڈ کو بیچ سسٹم کے تحت رخصت اتفاقیہ دی جائے۔

6. کسی بھی ناخوشگوار واقع کی صورت میں یا سرپرائز وزٹ کے دوران اگر مذکورہ احکامات پر عمل درآمد نہ پایا گیا تو ذمہ داران کے خلاف کاروائی کا تحرک بلا تخصیص کیا جائے گا۔

7. درج بالا ہدایات پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور دفتر ہذا کو اس بابت مطلع کیا جائے۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری / اسٹیبلشمنٹ / 2025 / 13279 مورخہ: 11-02-2025

کاپی برائے اطلاع:-

- مسٹر عبد الصبور سکھیرا، سپرنٹنڈنٹ جیل (فوکل پرسن) وارڈر گارڈ مانیٹرنگ گروپ صدر دفتر۔ آپکو ہدایت کی جاتی ہے کہ تمام جیلز کے وارڈر گارڈ کا روزانہ کا گوشوارہ چیک کر کے جیل وائز رپورٹ بابت حقی رخصت اور اتفاقیہ وارڈر گارڈ مجاز اتھارٹی کو روزانہ کی بنیاد پر پیش کیا کریں۔

ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر/2025/ 11

| | |
|---|---|
| ازدفتر | انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور |
| بجانب | جملہ سپرنٹنڈنٹس جیل صاحبان ہائے پنجاب |

چٹھی نمبری/شعبہ بلڈنگز/2025/ 83-15942 مورخہ 18-2-2025

عنوان:- **خصوصی ہدایات برائے لیبر ڈویلپمنٹ سکیمز اندرون جیل۔**

بحوالہ بعنوان بالا۔

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب نے ہدایات جاری کیں ہیں کہ پنجاب کی جیلوں کے اندر ترقیاتی کاموں / جاری سکیموں میں مزدوری کے لیے پاکستان پریزن رولز کے قاعدہ نمبر (III) 827 کے تحت جیل کے اندر سے قیدیوں کو معمور کیا جائے گا۔ کوئی بھی مزدور باہر سے جیل کے اندر داخل نہ ہوگا۔ تاہم ٹیکنیکل لیبر اگر جیل کے اندر سے مہیا نہ ہو تو باہر سے منگوائی جاسکے گی۔ مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل پیرا ہوں۔

- سپرنٹنڈنٹ جیل روزانہ کی بنیاد پر مطلوبہ تعداد میں اسیران کی رضامندی سے لیبر ٹھیکیدار کو فراہم کرے گا جو کہ باہمی اتفاق رائے سے منتخب کی جائے گی۔
- دوران کام اگر کوئی اسیر کسی جرم کا مرتکب ہوا تو ٹھیکیدار کی رپورٹ پر سپرنٹنڈنٹ جیل قانون کے مطابق کاروائی کرے گا۔
- ٹھیکیدار اسیر کو گورنمنٹ کے جاری کردہ ریٹس / مزدوری کے مطابق یومیہ اجرت دینے کا پابند ہوگا۔ اور قیدی کے اکاؤنٹ میں جمع کروا کر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈویلپمنٹ) کو رسید جمع کروائے گا جو کہ ریکارڈ میں محفوظ کیا جائے گا۔
- ٹھیکیدار اجرت کا ایک رجسٹر تیار کرے گا جس میں ہر اسیران کی یومیہ اجرت کا ریکارڈ درج کرے گا۔ اس پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ روزانہ کی بنیاد پر خود دستخط کرے گا۔ جس پر بعد میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈویلپمنٹ) بھی کاؤنٹر سائن کرکے سپرنٹنڈنٹ کو put up کرے گا۔
- کنسٹرکشن کا کام دورانیہ صبح 08 بجے سے شام 05 بجے تک ہوگا۔ جس میں 01 گھنٹہ آرام اور کھانے کا وقفہ دیا جائے گا۔

مندرجہ بالا ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور سرکلر ہذا کی وصولی سے مطلع فرمائیں۔

نوٹ:- جیل کی چار دیواری (کوٹ موقعہ) سے باہر جاری ڈویلپمنٹ سکیمز پر قیدیوں کو مزدوری کے لیے نہ بھیجا جائے گا۔ مندرجہ بالا ہدایات صرف جیل (کوٹ موقعہ) کے اندر جاری سکیموں کے لیے ہیں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (انسپکشن)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری 92-15984 مورخہ 18-02-2025

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی مرسل ہوئے

1. تمام ریجنل ڈی آئی جی جیل خانہ جات سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے ریجن کی جیلوں میں مندرجہ بالا ہدایات کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔

ڈی۔ آئی۔ جی (انسپکشن)

برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

CS CamScanner

**CIRCULAR NO. 12**

Memo No./Psy/2025/ 17960 – 18002

**INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

Dated Lahore the, 24-02 .2025

To

The Superintendents of all the Jails
in the Punjab.

Subject: - **GUIDELINES FOR PSYCHOLOGY INTERNSHIP PROGRAM IN JAILS**

Please refer to the subject noted above.

1. As part of the ongoing efforts to provide mental health services in jails, the Inspectorate of Prisons is launching a Psychology Internship Program. The following guidelines shall be adhered to:-

a) Responsibilities: The responsibilities of the interns will be assigned by the jail administration in coordination with the Jail Psychologist, as per the Standard Operating Procedures (SOPs) for Psychologists issued by the Section Officer (MP) Government of the Punjab Home Department Lahore vide Memo No. SO(PM) 15-25/2024 dated 26.11.2024.

b) Office Timings: Interns shall observe the respective office timings of the jail administration. No evening or night shifts, or weekend duties, shall be assigned to them.

c) Attendance: Each intern shall mark their daily attendance on the jail attendance registers, and biometric attendance must be ensured as well.

d) Safety and Security: Ensure the safety and security of all interns, with special emphasis on maintaining the sanctity of women interns within the prison locality.

e) Internship Diary: All interns must carry and maintain a diary throughout the internship to record daily internship-related activities.

f) Workspace: An appropriate workspace shall be provided to the interns within the jail hospital. If a Jail Psychologist is deputed, the interns will work under their supervision.

g) Daily Progress Report: The Daily Progress Report of each intern must be submitted in the official WhatsApp group, duly signed by the Jail Psychologist or Deputy Superintendent (E), as applicable. The prescribed report format is attached herewith.

2. Please acknowledge receipt of this circular and report of the compliance be submitted by 25.02.2025 stating details of measures taken by Jail administration on all guidelines, especially in para (f) of guidelines.

**DIG (Inspection)**
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

Endst.No. Psy/2025/ 18003 – 10 /Dated Lahore the, 24-02-25

1. Copy forwarded to all Regional DIG Prisons in the Punjab, with the request to check compliance of above directions at the jails of their respective regions & send compiled reports accordingly.

**DIG (Inspection)**
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

CIRCULAR NO. 13

# INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS
# PUNJAB, LAHORE

To

**The Superintendents,**
all Jails in the Punjab.

Memo. No.PMIS/2025/ 18199-242
Dated Lahore, the 24-02-2025

**Subject:-** **CERTIFICATES REGARDING IMPLEMENTATION OF PMIS AT PUNJAB JAILS**

It is intimated that a Pilot Project for PMIS (Phase-I) was started at District Jail, Lahore in 2016-17, thereafter, PMIS Phase-II at 20 Jails of Punjab was started from July 2017 to June 2021 and PMIS Phase-III in remaining 22 Jails, 08 Regional offices & Inspectorate of Prisons Punjab, Lahore was started through ADP 2021-24 and near to be completed.

2. To run the affairs of PMIS smoothly and ensure its implementation at Punjab Jails after expiry of PMIS Project, a training session was conducted for master trainer / officials in the Punjab i.e. 01 Assistant Superintendent and 01 Warder w.e.f. 16.12.2024 to 24.12.2024 (08 days) from 12:00 PM to 04:00 PM. In continuation of previous training session, 03 days online training session for executive staff i.e., Deputy Superintendent (E) & (J) and Superintendent Jail was conducted w.e.f. 15.01.2025 to 17.01.2025. Moreover, another extended online 06 days training session for PMIS in respect of Deputy Superintendent (E), (J), (Dev) and Superintendent Jail was again conducted w.e.f. 06.02.2025 to 13.02.2025 for smooth functioning and operationalization of PMIS.

3. In this regard, following certificates and assurances are required from the respective concerned officers of the Jails:-

**DEPUTY SUPERINTENDENT (EXECUTIVE) – HRM**

(i) Deputy Superintendent (Executive) will ensure all particulars of employees from BS-01 to BS-18 / 19 (from Sweeper upto Superintendent Jail) are 100% correct, complete without any missing field in the system. After ensuring completion of all service profile (all on payroll) have given / register their biometric and snapshots.

(ii) Deputy Superintendent (Executive) will ensure duty roaster of all employees on PMIS system.

(iii) Deputy Superintendent (Executive) will also ensure biometric attendance of all staff as per duty roaster on the system

**(a) Certificate**

*"I hereby certify that Point (i) to (iii) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

**Lock up / Lock out process**

(iv) Deputy Superintendent (Executive) will ensure lock up / lock out process and all punishments of the prisoners in the system. Daily misconduct, violations /

incidents and involvement of prisoners, are updated immediately in the PMIS system when punishment / violation is reported to Incharge central tower.

(v) Deputy Superintendent (Executive) will also ensure that lock up / lock out process are done on PMIS system as per actual time of lock up / lock out as recorded on manual "Parcha".

(b) **Certificate**

*"I hereby certify that Point (iv) to (v) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

**Store**

(vi) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that all entries of grain godown in the stock are completed and updated on daily basis and issued through system

(vii) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that arms & ammunition, uniform articles and medicines are updated and being processed through system and issued through system.

(c) **Certificate**

*"I hereby certify that Point (vi) to (vii) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

**Cash Management System through PMIS for 21 Jails**

(i) Deputy Superintendent (Executive) will ensure that manual cash deposit and canteen delivery on cash / manual "parchi" are stopped and all transactions of canteen and PCO vouchers are being carried out through computerized PMIS system. Cash management system certificate are required only for below noted 21 Jails:-

| | | |
|---|---|---|
| Central Jail, Lahore | Central Jail, Gujranwala | Central Jail, Sahiwal |
| Central Jail, Rawalpindi | Central Jail, Faisalabad | Central Jail, Mianwali |
| Central Jail, Bahawalpur | Central Jail, D.G Khan | Central Jail, Multan |
| District Jail, Faisalabad | District Jail, Lahore | District Jail, Jhang |
| District Jail, Vehari | District Jail, Kasur | District Jail, Multan |
| District Jail, Sargodha | District Jail, Sialkot | District Jail, Sheikhupura |
| District Jail, T.T Singh | District Jail, Okara | District Jail, Gujrat |

(d) **Certificate**

*"I hereby certify that I will be responsible for all transactions regarding any cash lapses, mismanagement or any differences of Debit and Credit of the prisoners"*

**DEPUTY SUPERINTENDENT (JUDICIAL) – Prisoners Profiles**

(i) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all particulars / record of the prisoners as per Judicial warrants, conviction warrants & Judicial orders, the record of the prisoners is complete (Personal information including name & parentage, CNIC, current & permanent address, occupation, labour, religious / technical / formal education both from inside / outside Jail, training courses etc.) are updated without any field kept blank / empty in PMIS system.

(ii) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all Judicial record including FIR, Police station, under section (u/s), Court name & Judge name are perfectly updated and being updated on daily basis as per any change in Judicial record.

(iii) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the appeals including mercy petitions of the prisoners are updated in the system and any update on daily basis is being recorded in the system as per actual.

(iv) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the Court productions are being ensured through PMIS system.

CamScanner

(v) Deputy Superintendent (Judicial) will ensure that all the releases are being carried out through system as per completion of record in the system.

(vi) Deputy Superintendent (Judicial) will also ensure that all those prisoners who are check-out more than 14 days, disposal and proceedings of such prisoners are being ensured in the system as per law.

(e) **Certificate**

*"I hereby certify that Point (i) to (vi) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

**DEPUTY SUPERINTENDENT (DEVELOPMENT)**

(i) Deputy Superintendent (Development) will ensure that all the stock of raw material is being entered in the system.

(ii) Deputy Superintendent (Development) will ensure that prisoners labour and work assignment in the shift is being entered in the system. Cash / ledger is being managed / updated in the system.

(f) **Certificate**

*"I hereby certify that Point (i) to (ii) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

**MEDICAL OFFICERS – STOCK & MEDICINES**

(i) Medical officer of the Jail will ensure that all the stock of medicines are being entered and updated in the system whether received from Health department, local purchase or any donation.

(ii) Medical officer of the Jail will ensure that all the medicines are being issued to the prisoners through PMIS system.

(iii) Medical officer of the Jail will ensure that all the diagnosis, treatment, test and examinations including medical chart of the prisoner are being managed through PMIS.

(iv) Medical officer of the Jail will ensure that outside visiting consultant, doctors visits and checkup of prisoners is being managed through PMIS system.

(g) **Certificate**

*"I hereby certify that Point (i) to (iv) are being implemented in true letter & spirit and I will be responsible for any discrepancy / shortcoming or contrary to actual record"*

*"It is also certified that 01 system is operational in the office of Medical officer and 01 system at Medical store"*

**Note*** All the Medical Officers who attend Jail hospital are required to sign this certificate.

4. It is further directed that all the certificates must be signed by the above officers and dully verified / counter signed by the Superintendent Jail concerned and **compliance certificates must be submitted to this Inspectorate before 28.02.2025**.

5. Please ensure strict compliance of the above orders.

**DIG (Headquarters)**
**Inspectorate General of Prisons**
**Punjab, Lahore**

CamScanner

CIRCULAR No 14

# INSPECTORATE GENERAL OF PRISONS
# PUNJAB, LAHORE

**MOST URGENT**

To

The Superintendents,
All Jails in the Punjab.

Memo No.PMIS/2025/ 18149-82
Dated Lahore, the 24-02-2025

**Subject:-** **IMPLEMENTATION OF PMIS AT JAILS & OFFICES OF THE PUNJAB**

In continuation this office letter No.PMIS/2024/83716-59 dated 04.09.2024 wherein it was directed for forceful implementation of PMIS at Punjab Jails which is not being made in true letter & spirit which is serious concern and lead to embarrassment before Hon'ble Lahore High Court, Lahore where data of Appeals was required to be submitted. In this regard, it has been decided that:-

i. Operationalization of PMIS at Jail and Regional offices should be ensured to involve and deploy all stakeholders like Lines Officer, Duty Book, Central Tower Munshi, Warrant Munshi (Both UT & CT), Storekeeper, Dispenser and Nursing orderlies to own the system. All the stakeholder should be given one week for capacity building and after one week, whole the responsibility of their functions should be transferred to them and operators be pulled out from these stakeholders to make the system real in true letter & spirit.

ii. Involvement of executives like Superintendent Jail, Deputy Superintendent Jail and Assistant Superintendent Jail in system should also be ensured to achieve the goals of automation.

iii. Judicial branch will not entertain references without electronic / system generated record (Prisoners shifting cases, prisoners B-class cases, prisoners remission cases) and all matters pertains to Judicial management.

iv. Establishment branch will not entertain references without electronic / system generated record (Staff leaves, staff posting / transfer, staff applications, T.A / D.A cases, staff NOC cases).

v. Health branch will not deal / entertain prisoners shifting cases, prisoners diet cases, medicine local purchase cases without electronic / system generated record.

vi. Contract branch will not sanction procurement cases and approval cases without electronic / system generated record.

2. In view of the above, it is therefore once again requested to implement PMIS modules fully and effectively.

DIG (Headquarters)
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

CS CamScanner

**Endst. No.PMIS/2025/ 18243-52** **Dated Lahore, the 24-02-2025**

Copy of the above is forwarded for necessary action to:-

1. The DIGs Prisons, all Regions in the Punjab will ensure compliance of the aforementioned directions by conducting inspection / surprise visits and will check in each visit in future as above. Also get required certificates from the concerned Jails of the Region and send to this Inspectorate within the timeline as mentioned above.
2. The Assistant Director (Personnel) & P.A-II, Inspectorate of Prisons, Punjab, Lahore.

**DIG (Headquarters)**
Inspectorate General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner

سرکلر نمبر 15/2025

از دفتر: انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب، لاہور

بجانب: جملہ سپرنٹنڈنٹس جیلز صاحبان ہائے پنجاب

چٹھی نمبری/شعبہ ٹھیکہ/2024/ 18682-725 مورخہ 26/02/25

عنوان: **ہدایات برائے سحری وافطاری انتظامات دوران ماہ رمضان المبارک**

رمضان المبارک کا مقدس وبابرکت مہینہ شروع ہونے والا ہے اور اس مبارک ماہ کے آغاز کے ساتھ ہی جیلوں میں سحری وافطاری کے حوالے سے خصوصی انتظامات اور اقدامات کیے جاتے ہیں اس ضمن میں آپکو ہدایت کی جاتی ہے کہ حکومت پنجاب کے مقرر کردہ سکیل کے مطابق جو کہ پہلے ہی بمطابق نوٹیفیکیشن نمبری SO(R&P)1-9/99VOL-III مورخہ 30.05.2014، نوٹیفیکیشن نمبری SO(MP)Gen/2020(CV) مورخہ 21.05.2020 ، نوٹیفیکیشن نمبری S O (R&P)1-9/99 Vol-III مورخہ 05.03.2021 اور، نوٹیفیکیشن نمبری S O (R&P)1-9/99 Vol-III مورخہ 22.03.2023 کے تحت جاری ہو چکا ہے اس کے مطابق سحری و افطاری کے انتظامات اپنی جیلوں پر درست اور منظم طریقہ سے سرانجام دیں اور سحری وافطاری کے اوقات/انتظامات/خوراک کی تیاری اور تقسیم کار کے متعلق درج ذیل خصوصی ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں:

i- سحری وافطاری خوراک کی تیاری کچن انچارج اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اپنی موجودگی و نگرانی میں کروائے گا اور سحری وافطاری کے اوقات اختتام تک جیل میں موجود رہے گا۔

ii رمضان المبارک میں سحری وافطاری کا کھانا جب تیار ہو جائے تو اس سارے کھانا کو ملاحظہ ترتیب لگا کر اس کی ویڈیو اور تصاویر بنا کر صدر دفتر وٹس ایپ پر بھجوائی جائیں گی نیز رمضان المبارک میں اگر مخیر حضرات سحری وافطاری کا کھانا دیں تو اس سارے کھانا کی بھی ملاحظہ ترتیب لگا کر اس کی ویڈیو اور تصاویر بنا کر بھی صدر دفتر وٹس ایپ پر بھجوائی جائیں گی

iii- ہر بارک/سیل میں سحری وافطاری خوراک کی تقسیم انچارج اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اپنی موجودگی میں کروانے کا پابند ہوگا۔

iv- مزید برآں سحری وافطاری کے اوقات میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اندرون جیل موجود رہے گا اور انتظامات کی Overall نگرانی کے فرائض سرانجام دے گا سپرنٹنڈنٹ جیل امر ہذا کو یقینی بنائیں کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برائے نگرانی سحری وافطاری کی ڈیوٹیاں روزانہ کی بنیادوں پر تبدیل کریں۔

v- سپرنٹنڈنٹ جیل اور میڈیکل آفیسر اچانک دورہ کر کے سحری وافطاری خوراک کی تیاری، تقسیم کار اور معیار کی پڑتال کریں گے علاوہ ازیں کچن کی صفائی کے لیے خصوصی عملہ متعین کیا جائے کسی بھی نقص کی صورت میں قصوروار عملہ کے خلاف فوری تادیبی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے دفتر ہذا کو مطلع کیا جائے۔

vi- سحری وافطاری کے اوقات کے بعد کم از کم ایک گھنٹہ میڈیکل/پیرامیڈیکل سٹاف جیل ہسپتال میں رہنے کا پابند ہوگا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورت حال میں قیدی مریضوں کو بروقت طبی سہولیات مہیا کی جاسکیں۔

vii- سحری خوراک کی تقسیم کا عمل اختتام سحر سے آدھا گھنٹہ قبل مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے اسی طرح افطار خوراک کی تقسیم بھی آغاز افطاری اوقات سے آدھا گھنٹہ قبل مکمل کی جائے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تقسیم کار اس قدر جلدی نہ کریں کہ خوراک کے ٹھنڈی ہونے کا احتمال ہو۔

viii- بارکوں میں نماز تراویح کی ادائیگی کے انتظامات کا جائزہ سپرنٹنڈنٹ جیل لے گا اور ہر بارک میں باجماعت نماز تراویح کے لیے اسی جیل کے حافظ قرآن یا قاری قیدی/حوالاتی کو مقرر کیا جائے اس سلسلے میں کئے گئے انتظامات کو بمطابق جدول دفتر ہذا کو آگاہ کیا جائے۔

نام جیل ____________

| بارک نمبر | نام قاری/حافظ | قیدی/حوالاتی | حفظ مکمل/1/2، 1/3 یا 1/4 |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 |

CamScanner
CamScanner

ix- سحری و افطاری اور نماز اوقات کے دوران سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورت سے نبرد آزما ہوا جاسکے مزید برآں بغیر حقیقی وجہ کسی بھی رخصت اتفاقیہ کی منظوری سے حتی الامکان اجتناب کیا جائے۔

x- رمضان المبارک کے مہینے کو نیکی کی ترغیب اور برائی سے بچنے کے لیے ماہ مشق کے طور پر منایا جائے تمام جیل افسران اہلکاران اس ماہ مبارک و مقدس میں بالا التزام خود اور اپنے ماتحتوں کو، اسیران و لواحقین سے حسن و سلوک سے پیش آنے کی ترغیب دیں۔ چھوٹی سے چھوٹی برائی، بد اخلاقی اور رشوت وغیرہ کی آلائشوں سے خود کو دور رکھیں اور رمضان المبارک میں اپنے فرائض احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے حصول رزق حلال کو یقینی بنائیں اور سحری / افطاری انتظامات کو مذہبی جوش و خروش اور عقیدت سے سرانجام دیں۔

xi- تمام سپرنٹنڈنٹ جیل صاحبان رمضان المبارک کے پہلے تین یوم سحری کے وقت اپنی ذاتی موجودگی کو جیل کے اندر یقینی بنائیں گے اور بروقت سحری خوراک کی تقسیم کی نگرانی کریں گے۔ علاوہ ازیں باقاعدگی کے ساتھ ہفتے میں دو یوم سحری اور دو یوم افطاری کی چیکنگ کریں گے۔

xii- سحری سے افطار کے دوران کم از کم 2 اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ہمہ وقت جیل کے اندر موجود رہیں گے۔

xiii- باہر سے رابطہ کرنے والے مخیر اور صاحب ثروت حضرات اگر جیل میں افطاری کے سلسلہ میں قیدیوں کے ساتھ ہمدردی کے طور پر اگر کوئی اشیاء دینا چاہیں تو انکی حوصلہ شکنی نہ کی جائے اور ان کے ساتھ مناسب کوآرڈینیشن کیا جائے اور مناسب شناخت و تصدیق اور چیکنگ کے بعد سیکیورٹی کو یقینی بنا کر اشیائے افطاری وغیرہ وصول کی جائیں۔

xiv- اگر مخیر یا صاحب ثروت شخص ایک وقت کا پوری جیل کے قیدیوں کے لیے کھانا دینا چاہے تو اس صورت میں جیل کا راشن سٹور سے کچن پر جاری نہ کیا جائے تاکہ کھانے کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

xv- یکم رمضان سے آخری روزہ تک مخیر و صاحب ثروت حضرات کی جانب سے فراہم کردہ تمام عطیات اور کھانے پینے کی اشیاء کا مکمل ریکارڈ رکھا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر صدر دفتر کو Daily Situation Report کے Proforma میں اندراج کر کے سپلائی ہونے والی اشیاء کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں اور اس مقصد کے لیے پہلے سے جاری کردہ Daily Situation Report کے Proforma میں ایک اضافی خصوصی کالم بنایا جائے۔

xvi- جیلوں میں موجود یوٹیلیٹی سٹور / تک شاپ پر موجود اشیائے ضروریہ کے دام، مقدار اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ قیمتیں معیار کے مطابق مارکیٹ ریٹ سے کسی صورت زائد نہ ہوں۔ کسی قسم کی شکایت یا اچانک دورے کے دوران اگر اس میں کوئی بے ضابطگی پائی گئی تو متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) اور لائنز آفیسر براہ راست ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

xvii- رمضان المبارک کے دوران تمام ریجنل ڈی۔ آئی۔ جی۔ صاحبان سحری و افطاری کی چیکنگ اور جیل کے معائنہ کے دوران اس سلسلہ میں جیل انتظامیہ کی طرف سے کئے گئے اقدامات کو چیک کریں گے اور درج بالا ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔

xviii- علاوہ ازیں مندرجہ بالا ہدایات، روزانہ کی بنیاد پر انفارمیشن درج ذیل پروفارما پر دفتر ہذا کو فیکس کی جائے گی۔

| مورخہ | تفصیل سحری مینو | کیا سحری و افطاری کے دوران سپرنٹنڈنٹ جیل اور میڈیکل آفیسر نے سحری و افطاری خوراک کی تیاری / تقسیم کار اور معیار کا جائزہ لیا؟ اگر ہاں تو مشاہدات کی تفصیل | سحری و افطاری تقسیم کا وقت | سحری کے وقت چائے اور افطاری کے وقت شربت کی تقسیم کے اوقات | نام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انچارج سحری خوراک تقسیم کار | نام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انچارج افطاری خوراک تقسیم کار | نام کچن انچارج اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |

CamScanner

2 سپرنٹنڈنٹ جیل، میڈیکل آفیسر جیل اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ افطاری کے سلسلہ میں مخیر اور صاحب ثروت حضرات کی طرف سے آنے والی ہر قسم کی اشیاء کو چیک کیا جائے اور سیکیورٹی کے حوالہ سے تسلی کرنے کے بعد قیدیوں تک پہنچایا جائے اور ہر چیز کا اندراج جیل کے ڈیوڑھی رجسٹر اور عطیہ رجسٹر میں کیا جائے۔

3 مندرجہ بالا ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور کوتاہی ہرگز نہ کی جائے۔

میاں فاروق نذیر

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

تظہیری نمبری 18726-34 مورخہ 26/2/25

1- نقل برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈی۔ آئی۔ جی صاحبان پنجاب کو ارسال کی جاتی ہے۔

میاں فاروق نذیر

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

CamScanner

سرکلر نمبر 16 /2025

چٹھی نمبری/جوڈیشل/2024/ 19059-103

دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات

پنجاب، لاہور

مورخہ لاہور 26/09/24

بجانب

سپرنٹنڈنٹس صاحبان، جملہ جیلز ہائے پنجاب

عنوان:- **ہدایات بابت فراہم کیے جانے سہولت باربر شاپ برائے اسیران**

بحوالہ دفتر ہذا کے مراسلہ نمبر JB/59-35017 مورخہ 01.06.2024 بعنوان بالا۔

اس ضمن میں تحریر ہے کہ درج بالا چٹھی کے تحت پنجاب کی جیلوں پر باربر شاپ برائے اسیران قائم کی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں بحکم جناب انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات، پنجاب، لاہور درج ذیل ہدایات جاری کی جا رہی ہیں:-

1. باربر شاپ میں 04 باربر کرسیاں رکھی جائیں گی۔
2. باربر شاپ میں 04 انسٹرکٹرز/استاد ہوں گے۔
3. باربر شاپ میں کم از کم 25 اسیران کی کلاس کو ٹریننگ دی جائے۔
4. باربر شاپ میں ٹریننگ کرنے والے اسیران کے ناموں کی لسٹ آویزاں ہو گی جس میں اسیر کی ٹریننگ شروع ہونے کی تاریخ بمعہ تصویر درج ہو گی۔
5. ٹریننگ کا دورانیہ 03 ماہ کا ہو گا۔ باربر شاپ صبح آٹھ بجے تا چار بجے تک اوپن ہو گی اور ہفتہ وار شیڈول کے مطابق اسیران ہیئر کٹنگ کیلئے آئیں گے۔ بارکان کا شیڈول اس طرح مرتب کیا جائے گا کہ کم از کم ایک ماہ بعد ہر قیدی کی کٹنگ کی باری آ جائے۔
6. باربر شاپ کی صفائی ستھرائی کا ہمہ وقت خیال رکھا جائے۔
7. قیدیوں سے ہیئر کٹنگ کا کسی قسم کا معاوضہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

لہٰذا اہتمام سپرنٹنڈنٹ جیل صاحبان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا ہدایات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور تعمیلی رپورٹ بمعہ تصاویر 03 یوم کے اندر اندر ارسال کریں۔

ڈی آئی جی (انسپکشن)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

تعمیری نمبری/جوڈیشل/2024/ 19104-112 مورخہ، لاہور 26/2/25

کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی جملہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات، ریجنز ہائے پنجاب مرسل ہووے۔ ان سے مزید گزارش ہے کہ وہ اپنی ریجن کی جیلوں پر درج بالا ہدایات پر من و عن اور فوری عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

ڈی آئی جی (انسپکشن)
دفتر انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب، لاہور

CS CamScanner

Circular No. 17 /2025
**OFFICE OF THE INSPECTOR GENERAL OF PRISONS**
**PUNJAB, LAHORE**

To

1. The Deputy Inspector General of Prisons,
   All Regions in the Punjab
2. The Superintendent of all Jails in the Punjab.
3. The Assistant Director (Admn),
   Inspectorate of Prisons Punjab, Lahore.

Memo. No. Estt/ 19243 - 19293
Dated Lahore, the 26/02/05

Subject:- **DEPARTMENT PERMISSION CERTIFICATES (NOCS) FOR THE POST OF PMS (MINISTERIAL QUOTA) 2024-25**

Please refer to the subject noted above.

It has been observed that a significant number of Assistant Superintendents of the Punjab Prisons Department have applied for Departmental Permission / NOC to appear in the PMS examination (Ministerial quota) for 2024-25. While the required NOCs have been issued, the department is currently facing a 60% shortage of its sanctioned strength.

In view of this shortage, the Competent Authority has directed that no study leave, earned leave or extraordinary leave will be granted for exam preparation. However, Assistant Superintendents may utilize casual leave to appear in the examination. Any attempt to secure earned leave, study leave or extra ordinary leave through any influence will be considered misconduct, and strict disciplinary action will be taken under PEEDA Act, 2006 (amended upto 2017).

You are requested to disseminate these instructions to all concerned officers and furnish a compliance certificate without fail. Ensure strict adherence to these directive in letter & spirit.

D.I.G (Headquarters)
for Inspector General of Prisons
Punjab, Lahore

CamScanner